Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ جمادی الاول ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۹ مارچ ۱۹۱۷ء	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقسیم رخصات قرضہ تحویلداران میونسپلٹی	۱ و ۲
۲	رخصت وزیر الدین محرر تشنگری	۲
۳	رخصت نائب تحصیلدار ملا سپور	۲
۴	اسمائے جرائم پیشہ	۲
۵	عطاء اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول بہ جسٹس مجسٹریٹ بہادر	۲
۶	مزید رخصت محافظ دفتر دیوانی	۲
	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مارچ ۱۹۱۷ء

معہ عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر استدعاء منظوری احکام ضابطہ جاری ہون۔

اعلیحضرت بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض

جناب عالی

میرسا

نا کردہ بان ملازمان میونسپلٹی کو بہ بیغہ باخرید سے کیو سے تحویلداران صفائی سے

روپیہ قرض دلوایا جارہا ہے تحویلداران مستدعی ہین کہ خاکروبان کی تنخواہ سے وضعات پورے طور پر نہین ہوتی ہے زرِ ڈگریات و قرضہ گنیشی لال وغیرہ مین حکماً وضعات ہوجاتی ہے دیگر قرضہ و ڈگریات پر اونکا قرضہ مقدم کردیا جائے میونسپل افسر صاحب تحریر کرتے ہین کہ تحویلداران صفائی برائے خرید جاموسناکے خاکروبان کو بہت روپیہ قرضہ مین دے رہی ہین اگر قرضہ تحویلداران صفائی وضعات دیگر قرضہ جات پر مقدم نفرمائی جائیگی تو اونکے روپیہ کی وصولیابی مین بہت دقت ہوگی چونکہ بکار سرکار تحویلداران صفائی خاکروبان ملازمان میونسپلٹی کو روپیہ قرض دیرہے ہین ایسی صورت مین اگر پیشگاہ عالی سے یہ حکم صادر فرمایا جائے کہ اول تنخواہ خاکروبان ملازمان میونسپلٹی سے وضعات قرضہ تحویلداران صفائی ہوا کرے بعد وضعات قرضہ تحویلداران صفائی دیگر زرِ ڈگریات و قرضہ گنیشی لال وغیرہ مین وضعات ہوا کرے تو قابل پرورش ہو آیندہ رائے عالی دولت واقبال جاوید باد۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم
رخصت

۱۲ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ بخشی فوج رخصت رعایتی ایک ماہ وزیرالدین خان محرر جنگی کی بوجہ علالت بذمہ داری مرلی سہائے سیاہہ نویس جنگی منظور ہوگئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۱۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت دس یوم نائب تحصیلدار بلاسپور کی بیرون چوٹ آجانیکی وجہ سے منظور ہوئی

اندراج اسمار جرائم پیشہ

۱۷ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ کورٹ انسپکٹر مصدقہ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بشمار دفعہ ۱۲ قانون جرائم پیشہ اشخاص مندرجہ کے نام درج گزٹ کئے گئے۔
بدہا ولد لچھمن قوم ڈیرہ ۔ موتی ولد ہولاسی قوم ڈیرہ سکنائے موضع کوپ پرگنہ ملک

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

بوجہ فوتی مولوی سید محمد نبی صاحب مجسٹریٹ مرحوم وبنظر سہولت کارسرکار تا انتظام مستقل صاحبزادہ ولی مظفرخان بہادر اسپشل مجسٹریٹ کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دئے جاتے ہین ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

فوراً احکام حسب صراحت بالا جاری ہون ۔ ڈمی اوشامل روبکار ہذا کی رہے فقط
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت مزید پندرہ یوم محافظ دفتر دیوانی کی بوضع نصف تنخواہ منظور ہوگئی

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۲ لغایت ۱۸ مارچ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰ار			۶ار	۶ار	۷۰ار	
نخود خالص	۸۰ار			۱۰۰ار	۱۰ار	۹ار	
نخود کسہ آمیز	۹ار			۱۰۰ار	۱۰۰ار	۱۰ار	
کسہ	۱۱ار			۱۱ار	۱۱ار	۱۰۰ار	
ماش	۸ار			۷۰ار	۷۰ار	۸ار	
مونگ	۶ار			-	۶ار	۹ار	
مکا	۱۱ار			۱۳ار	۱۳ار	۱۳ار	
جئی	۱۴ار			۰	۱۲ار	۰	
گوجئی	۰			۰	۱۱ار	۰	
عدس	۷ار			۰	۵ار	۰	
ارہر	۱۰ار			-	۹ار	۰	
برنج	۷۰ار			۸ار	۸ار	۸ار	
روغن زرد	۱۰ار			۱۰ار	۱۰ار	۱۰ار	
روغن سیاہ	۲ار			۲ار	۲ار	۲ار	
روغن کنجد	۲ار			۱۰۱ار	۱۰۱ار	۲ار	
نمک سانبھر	۱۰ار			۱۱ار	۱۱ار	۱۲ار	
نمک لاہوری	۶ار			۸ار	۹ار	۹ار	
قند سیاہ	۵۰ار			۵۰ار	۶ار	۶ار	
باجرہ	۹۰ار			۱۱ار	۱۰ار	۰	